آخر کو فلموں میں عریانیت اور بے ہودگی بہت ترقی کر رہی ہے جس کی وجہ سے نوجوان نسل کا اخلاق دن بدن تباہ ہو رہا ہے۔ یہ نسل دیکھ کر اور غیر اخلاقی راہ پر گامزن نظر آتی ہے۔ خیال ہے کہ مشاورتی کمیٹی سب سے پہلے غیر ملکی فلموں کی درآمد کا سلسلہ قطعی بند کرنے کی سفارش کرے گی کیونکہ پاکستانی نوجوان ان فلموں کو دیکھ کر بد اخلاقی کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کی فلمیں ... کرتی ہیں۔ جب غیر ملکی فلموں کی درآمد بند ہو جائے گی تو ... بھی ختم ہو جائے گا۔ اسی طرح آئندہ کے لئے ... پاکستانی فلمسازوں کو بھی اپنی روش میں تبدیلیاں کرنا ہوں گی اور تشدد اور ... سے فلموں کو پاک کرنا پڑے گا۔

یاسمین خان ——— "یادوں کی بارات" میں

## نئے احکامات کی وجہ سے بیشتر آرٹسٹ پریشان ہیں

لاہور (نامہ نگار) مارشل لاء حکام نے محکمہ انکم ٹیکس کو ہدایات کی ہیں کہ وہ نادہندہ لوگوں سے انکم ٹیکس کی بقایا رقم جلد از جلد وصول کریں۔ ... مارشل لاء کے احکامات کے پیش نظر انکم ٹیکس کے محکمے نے فلمی فنکاروں کو بھی جلد از جلد بقایاجات ادا کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔


# TWO NEW CANADA SAVINGS BONDS

### A GREAT CHOICE

کینیڈا سیونگز بانڈ اس سال آپ کے لئے ایک بڑا موقع فراہم کرتا ہے۔ اور اب ایک نئے ریگولر انٹرسٹ بانڈ کی صورت میں ہر سال سود ادا کرتا ہے۔ اور ایک نیا کمپونڈ انٹرسٹ بانڈ جو آپ کے سود کو دوبارہ ... سرمایہ میں شامل کرتا ہے۔ تاکہ آپ اپنے سود پر سود حاصل کر سکیں۔

### SAFETY, INSTANT CASH AND A GOOD RETURN

دونوں نئے بانڈز ایسی اعلیٰ خصوصیات رکھتے ہیں جن کی بنا پر کینیڈا سیونگز بانڈ پچھلے ۳۱ سال سے کروڑوں کینیڈین لوگوں کا پسندیدہ سرمایہ کاری بن گئے ہیں۔ یہ محفوظ سرمایہ کاری ہے۔ جسے کسی بھی وقت آپ کیش کرا سکتے ہیں۔ سال بہ سال یہ آپ کو اچھا سود دیتے رہیں۔

نئے کینیڈا سیونگز بانڈز کی ابتدا یکم نومبر ۱۹۷۷ سے ہوتی ہے۔ 1986 میں ان کی میعاد ختم ہونے پر یہ اوسطاً 8.06 سالانہ سود دیتے ہیں۔ ہر بانڈ ابتدائی سال میں 7% سود سے شروع ہوتا ہے۔ اور بقیہ 8 سال تک سود 8.25 تک ہر سال ادا کرتا ہے۔

### REGULAR INTEREST BOND

اگر آپ اپنے سرمایہ کاری سے باقاعدہ سالانہ آمدنی چاہتے ہیں تو آپ کینیڈا ریگولر انٹرسٹ بانڈ ... سود ادا کرتا ہے۔ آپ کو آپ کے سود کی رقم چیک کی صورت میں ... آپ کے اکاؤنٹ میں جمع کرا سکتے ہیں۔ ... ایک اضافی سہولت ہے۔

آپ کسی بھی وقت بینک سے ریگولر انٹرسٹ بانڈ ... خرید سکتے ہیں۔ یہ بانڈز 300 ڈالر، 500 ڈالر، 1000 ڈالر اور 5000 ڈالر کی رقم کی شکل میں مل سکتے ہیں۔

### COMPOUND INTEREST BOND

اگر آپ اپنی بچت کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ یا مستقبل کے لئے سرمایہ لگانا چاہتے ہیں۔ یا ریٹائرمنٹ فنڈ چاہتے ہیں

تو آپ کینیڈا کمپونڈ انٹرسٹ بانڈ پسند کریں گے۔ پہلے سال کے بعد آپ کا سود ... سود پر سود ... حاصل کر سکتے ہیں۔ ... میعاد ختم ہونے پر ... آپ اسے کیش کرا لیں۔ دیکھئے کس طرح 100 ڈالر کے بانڈ کی قیمت بڑھتی جاتی ہے۔

growth

| Nov. 1 | Value | Nov. 1 | Value |
|---|---|---|---|
| 1978 | $107.00 | 1983 | $158.78 |
| 1979 | $115.81 | 1984 | $171.77 |
| 1980 | $125.34 | 1985 | $185.81 |
| 1981 | $135.63 | 1986 | $200.97 |
| 1982 | $146.76 | | |

کمپونڈ انٹرسٹ بانڈ کیش پر خریدے جا سکتے ہیں۔ یا سہولت کے ساتھ ... سیونگز پلان کے تحت آپ کے اپنے بینک سے خریدے جا سکتے ہیں۔ یہ 100 ڈالر، 300 ڈالر، 500 ڈالر، 1000 ڈالر اور 5000 ڈالر کی رقم میں مل سکتے ہیں۔

### THE CHOICE IS YOURS

آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ نئے کینیڈا سیونگز بانڈ آپ کے لئے ایک بڑا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ریگولر انٹرسٹ بانڈ اور کمپونڈ انٹرسٹ بانڈ۔ اب دونوں نئے بانڈز جن کی 15000 ڈالر کی محدود رقم تک فروخت ہو رہی ہیں۔ یہ خصوصیت آپ کی بچت کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے فراہم کی گئی ہیں۔ کسی ایک کا انتخاب کیجئے جو آپ کے لئے بہتر ہے۔

**8.06%**
Average Annual Interest to Maturity

# A GREAT CHOICE
COMPOUND INTEREST OR REGULAR INTEREST


# مختصر مختصر اشتہارات

### ضرورت رشتہ

ایک خوب صورت پنجابی امیگرنٹ پڑھی لکھی لڑکی کے لئے شریف اچھے گھرانے سے تعلق رکھنے والے لڑکے کی ضرورت ہے جس کی عمر ۳۸ سال سے کم ہو۔

ایک خوش شکل نوجوان کے لئے بھی پڑھی لکھی کم عمر لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکے کی بہت اچھی ملازمت اور ذاتی گھر ہے۔

تفصیلات کے لئے خط لکھئے۔

KHAN
C/O CRESCENT

•

ایک خوش شکل ... سالہ پاکستانی مسلمان (ایم۔ ایس سی۔ ایچ۔ ای۔ پی) کے لئے خوبصورت اور خوب سیرت لڑکی کا فوری رشتہ درکار ہے۔ ذات پات اور فضول رسومات کی قید نہیں۔ فوراً رجوع کریں۔ تعلیم کی بھی کوئی قید نہیں۔

MR. ALI
P.O. BOX NO. 214
POSTAL STATION J
TORONTO ONT. M4J 4Y2
CANADA

### ضرورت ہے

۲۴ سالہ نوجوان بزنس مین کو ... اپارٹمنٹ میں رہنے کے لئے ساتھی کی ضرورت ہے۔ اس نمبر پر اطلاع دیں۔

959-6564 یا 465-0911
مسعود خان

### مسلم ڈے کیئر سروس

مسلمان بچوں کی اسلامی تعلیم و تربیت اور دن بھر نگہداشت کے لئے ایک مسلمان فیملی نے "ڈے کیئر سروس" کا انتظام کیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات اس نمبر پر فون کریں: 536-1797

شمس اقبال ... سوسائٹی آف برٹش کولمبیا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں ... ایک سال کے لئے ڈائریکٹر منتخب ہوئے ہیں۔


...ONIAL

...tween 30-40 ... match for a ... & talented ... belonging ... Syed family ... gentlemen ...on and re... ...ound may ... full details. ...(G0W 1H0)

...R SALE

... Lawrence... ...brick bunga... ...tion - 3 Bed... ...l Basement, ... fourth bed... ...down, carry ... Please call ... or Mrs. ... ...rmanent ...mpany.

...CE
...ent
...END

...CES
...l Jafree
...Law
...tan Street
...0602
...737-8662

...MIGRATION ...PLOYMENT ...IAN FAMILY

...d Honest ...ealing

... Rights Officer ...ey General of ...st lawyer listed ...World.

...sident Sir Ayub ...o Pakistan.

...gnaled as Syed ...he Governor of

...ng pleasure, ..., renowned ...ellent Indo... ...ne, bring to

...ajputs
... Court
...T. at Gerrard
...-1725
...nd Delivery
...LICENCED

...OCATION
...PUT I
...r St. W.
...9
...y to Saturday
... midnight
... - 10 p.m.

طنز و مزاح

# سیلانی کی ڈائری

ابوعفان چودھری (ڈرانوم)

پچھلے دنوں ایک اخبار میں پاکستان کے سابق وزیراعظم بھٹو صاحب کی دختر بے نظیر بھٹو کا انٹرویو نظر سے گزرا۔ مس بھٹو نے اپنے بیان میں پاکستان قومی اتحاد کے لیڈران کو خوب لتاڑا ہے۔ کہتی ہیں کہ ان کا باپ عظیم اور تاریخ ساز شخصیت ہے۔ اور اپوزیشن رہنما ان کی قابلیت اور عظمت سے جلتے ہیں۔

ہمیں مس بھٹو کی باتوں سے اتفاق ہے۔ مسٹر بھٹو اپنے رنگ میں ایک عظیم شخصیت ہیں۔ نازی اور فاشسٹ فلسفے کے علمبردار ہٹلر اور مسولینی بھی اپنے رنگ میں عظیم رہنما تھے۔ اور مسٹر بھٹو اسلامی فاشزم کے علمبردار ہونے کی حیثیت سے اپنا ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔

بے نظیر بھٹو صاحبہ! فیصلہ تاریخ کرتی ہے۔ حسین ابن علی عظیم ہے یا یزید! اس بات کا فیصلہ مورخ کا قلم کر چکا ہے۔ آپ کے باپ نے ہیرو کا کردار نہیں بلکہ ولن کا کردار ادا کیا ہے۔ اور اقتدار حاصل نہیں کیا بلکہ خریدا تھا۔ اور شاید آپ جانتی ہیں۔ اس بدنصیب قوم نے آپ کے باپ کے لیے کیا قیمت ادا کی۔ انسانی تاریخ میں کسی قوم نے ایک شخص کے اقتدار کے لیے اتنی قیمت آج تک نہیں دی۔

بے نظیر بھٹو صاحبہ نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ اپنے والد کے مشورہ کے برعکس وہ سیاست میں حصہ لیں گی۔ ہم آپ بیٹی کی گفتگو کو ایک مکالمہ کی شکل میں پیش کرتے ہیں۔

بھٹو: اے جانِ پدر! میں تسلیم کرتا ہوں کہ اب بالغ ہو۔ اور فیصلہ کرنے کی مجاز ہو مگر اپنے ذاتی تجربہ کی بناء پر کہتا ہوں کہ سیاست کے میدان میں قدم نہ رکھو۔

بے نظیر بھٹو: ڈیڈی اگر آنجہانی پنڈت نہرو کی دختر اندرا گاندھی ہندوستان کی پہلی خاتون وزیراعظم ہو سکتی ہیں تو کیا آپ کے بعد میں پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعظم ہونے کا اعزاز حاصل نہیں کر سکتی؟

بھٹو: اے جانِ پدر! اندرا گاندھی کا حشر تم دیکھ ہی چکی ہو۔

بے نظیر بھٹو: ڈیڈی! یہ آپ کا ہی مقولہ ہے۔ ہر انسان کی ایک قیمت ہوتی ہے اور وہ قیمت ادا کر کے خریدا جا سکتا ہے۔ اگر میں پیسے کے بل بوتے اور دھاندلی کے ذریعے اسمبلی کا ممبر بن سکتی ہوں تو وزیراعظم کیوں نہیں بن سکتی؟

بھٹو: سامان شیطان میں بھی میں ہوں والا تو اس نظریے کا قائل رہا۔ میرے اقتدار کی خاطر ملک کا ایک حصہ بھی چلا گیا۔ میرے بے شمار شیوخ اور سلاطین کے ساتھ میری دوستی اور اسمبلی کے اراکین کی حمایت حاصل کی۔ اور اپنی الیف ایس ایف اور اپنے حامیوں کو دولت سے مالا مال کیا۔ لیکن وقت پر میری تمام قوت کو سنبھالا دیا۔ مگر میں اس قوم کے مزاج کو سمجھنے میں غلطی کی۔ اور یہ جناب اس کی مثال تو ایک جامعہ شیر کی ہے کہ اگر کوئی اس سے اوپر چڑھ کر ڈانس بھی کرتا رہے تو اسے علم نہ ہو۔ مگر جب انگڑائی لیکر دھاڑے تو ترنت ...

... سمندر وں کے پیچھے پیچھے کرو گے۔ میں نے مسولینی بننے کا خواب دیکھا تھا۔ اور میں ہوں جس کی سوانح حیات اپنے سرہانے رکھ کر سوتا مگر اس قوم نے مجھے خاک میں ملا دیا۔...

ہمارے خیال میں مس بھٹو نادان ہیں۔ انجان ہیں۔ بے نظیر بھٹو صاحبہ کو اپنے بے مثال باپ کا لاجواب مشورہ قبول کر لینا چاہیے۔ اب یہ زیادہ بہتر کون ہو سکتا ہے۔

ایک اور اخبار کے انگریزی ایڈیشن نے جس میں مسٹر بھٹو دوسروں کی نظر میں کے عنوان کے تحت ان نام نہاد رہنماؤں کے بیانات اور افکار کو اکٹھا جمع کیے ہیں جو مسٹر بھٹو کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ ان میں سے بیشتر ان عرب شیوخ کے ہیں جن کے عیش و عشرت کے لیے کراچی میں کسینو بنایا گیا ہے۔ یا مرکز اور یورپ کے اخبارات۔ جو مجھے جذباتی پاکستانیوں کے ذہنی ضمیر میں مجروح ہیں۔ اس اخبار کے ایڈیٹر نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ چونکہ غیروں کی نظر میں بھٹو ایک عظیم شخصیت اور ناگزیر لیڈر (INEVITABLE) ہیں لہذا بھٹو کے مخالف اپنے ذہن کا علاج کرائیں۔

قائداعظم بانیٔ پاکستان کو مخالف پریس انگریز کا ایجنٹ قرار دیتے تھے۔ اسی اخبار کی منطق کے مطابق غیر منقسم ہندوستان کے مسلمانوں کو مخالف پریس کی بات پر یقین کر لینا چاہیے تھا۔ تاکہ پاکستان بننے کے جھگڑے ہوتے۔ ویسے یہ ایڈیٹر کی منطق اپنی جگہ بر لطیف ہے۔ ایک بھی انہی بھی خلاف کو معمولی لگانے کی اتنی محنت سے فقط یہ جھوٹ جمع نہیں کرتا۔

یاد ش بخیر مسٹر بھٹو! مارشل لاء کے ابتدائی دنوں میں داتا دربار پر حاضر ہوئے کہ پاکستان کی سلامتی کے لیے دعا مانگیں وہی جانے کا جو مرحم نظر آتے ہیں۔

ہمارے خیال میں مسٹر بھٹو کا شکوہ بجا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے گناہوں پر نادم ہو کر داتا دربار حاضری دینا چاہے تو کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ مگر مشکل یہ ہے کہ حقوق اللہ میں کوتاہی تو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیں گے۔ مگر حقوق العباد کا حساب کتاب دیئے بغیر چارہ نہیں۔

مسٹر بھٹو کو ایک گناہ بخشوانے کے لیے قوم کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ اور یہی بات نوٹ کریں کہ آج تک حضرت سلیمان کے اس منصفانہ فیصلہ کی نظیر نہیں ملی کہ ایک نوزائیدہ بچے کے تنازعہ میں انہوں نے اس عورت کو بچے کا حقدار قرار دیا جس نے بچہ کے دو حصے کرنے کی تجویز کو قبول کر لیا تھا۔ اس کی دلیل کتنی قوی تھی۔ یہ بچہ میرا ہے۔ میں اسے ضرور حاصل کرکے رہوں گی۔ میں اس سے یہ دریغ نہیں کروں گی کہ اس کے دھڑ کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ میں آدھے دھڑ کو ہی اپنے کلیجے سے لگاؤں گی میرے پیار اور خلوص کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہوگی۔

ہمارے خیال میں مسٹر بھٹو دیاد مسیت تلمیذ کا نعرہ لگائیں۔ دیکھو گی بجائیں۔ مجھے لگائیں اور پھر اس دلیل کا اثر دیکھیں۔

●●

# غزل

خواب کی حقیقت کیا، کب یہ راس آئے ہیں
ریت کے گھروندے ہیں تتلیوں کے سائے ہیں
زندگی کے ویرانے عشق نے سجائے ہیں
ذہن و دل کی دنیا میں آپ ہی سمائے ہیں
آپ سے وفا ہوگی، غیر جو جلائے ہیں
پھر بھی دھڑکنیں دل کی آس اک لگائے ہیں
آپ کے اشارے پر یہ زمانہ چلتا ہے
آپ ہی بگاڑے ہیں، آپ ہی بنائے ہیں
حسن ہے کہ شعلہ ہے، یاد ہے کہ چنگاری
آپ کی اداؤں میں مستقل جلائے ہیں
یہ تضاد اے یارو رسم ہے زمانے کی
دل کہ چھپ کے روئے ہے لب پہ گیت آئے ہیں
ضبط اور خاموشی کب تلک روا ایمن
آج ہم بھی محفل میں داستاں سنائے ہیں

مامون ایمن نیو یارک

# محفلِ شعر و سخن

(شعرائے اردو کا تاریخ وار سلسلہ)

## بادۂ کہن

### عزیز لکھنوی

میں تو بے ہوش ہوا ذوقِ نظر سے اپنی
تیری تاثیر تھی اے جلوۂ جانانہ عبث
اب بھی زیادہ عالم اسباب کے ہے وہ
جو کچھ کسی کے اٹھے جو نہ دل میں رہ گیا
بس کہ تھی وسعتِ آرائشِ گیتی محدود
دونوں عالم کو ترے وصل کا ساماں سمجھا
کہہ کے بیتاب ہے یہ بجھ گئی شمع
واسطہ پڑتا ہے یوں بسمل دیکھو
بے حقیقت دل کی ہستی کو وہ سمجھے تھے مگر
دامنِ انصاف کو میرے غم عالم نے دبا لیا

میں حشر کی حقیقت، اپنی مسیحی راہ میں
یہ اپنا اپنا قسمت، یہ اپنا اپنا نصیب
دل کبھی تھا ہمارے پہلو میں
جہاں میں کاوش پیدا ہی نہ ہوتے
بگڑ کر تقسیم دو عالم نے کتنا ہی پڑا

دونوں جہاں ہوں گے اسی کا شباب ہوگا
زلف بکھر کو سنبھالے، ہمیں رلائے بہار
یہ خدا جانے بات ہے کب کی
ذہن پڑتی ہے ہنستے اور روتے
یہ سلیقہ ہے کہ آئینہ آرائی کا

مرزا محمد ہادی نام عزیز تخلص ۱۸۸۲ء بمطابق ۱۳۰۰ھ میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد مرزا محمد علی ایک مذہبی عالم تھے۔ ان کے جد امجد مرزا محمد جعفر شیرازی سے کشمیر آئے۔ کئی پشتوں سے ان کا خاندان لکھنؤ میں متوطن ہے۔ اور اس کا شمار شہر کے ذی علم خاندانوں میں ہے۔ عزیز نے عربی اور فارسی کی تعلیم وطن ہی میں پائی۔ شاعری میں صفی لکھنوی سے استفادہ کیا اور انیس برس کی عمر میں اچھے شعر کہنے لگے۔ ۱۹۳۵ء بمطابق ۱۳۵۴ھ میں لکھنؤ میں انتقال کیا۔

جدید شاعری کے علمبردار اور غزل کے مصلحین نے لکھنؤ کی پرانی شاعری کا پیرا ڈالا تھا۔ صفی عزیز اور انقلاب کے بانیوں میں تھے عزیز پر استاد کا اثر پڑا۔ اور انہوں نے لکھنؤ کا رنگ چھوڑ کر دہلی کے رنگ میں شاعری کی۔ وہ لکھنؤ کے اس گروہ کے شعرا کے پیش رو میں اور عام طور پر انہی کو سب سے زیادہ شہرت حاصل ہے۔ ان کی غزل میں میر اور غالب کی تقلید کے ساتھ ساتھ نئے ماحول اور نئے مذاق کا اثر بھی نمایاں ہے۔ انہوں نے غزل کے علاوہ قابلِ قدر نظمیں اور مرثیے بھی کہے ہیں۔ لیکن قصائد میں زیادہ کامیاب ہیں۔ نئے نئے موضوعات، جوشِ تخیل، نادر تشبیہات و تلمیحات، شکوہِ الفاظ ان کے قصائد کی جان ہیں۔

## جامِ نو

# غزل

سامر منیر قیمتی

گھٹ سکتا ہے جو رہ رہ کر کوئی تیر نظر اب بھی
گماں ہوتا ہے زندہ ہے دل شوریدہ سر اب بھی
ہم اپنے پارہ ہائے دل کو سمیٹ کے آئے ہیں
مگر کرتا ہے اصرار ہمارا چارہ گر اب بھی
جو میرا گھر بسا دیکھا وہ مہمان آنے والا ہے
ابھی اعلان ہے کوئی ہوتی دیوانہ پھر اب بھی
چلو اس قریۂ جاں تک سواد یارِ جاناں تک
جہاں آباد ہے ویرانیٔ دیوار و در اب بھی
رگِ جاں چھیڑے زخم دل کے ٹانکے توڑ دیتا ہے
ہجوم ناشناساں میں نگاہ دادگر اب بھی
نہیں ممکن کہ مجھ کو زمانہ بھی ترو پہچانے
تری چوکھٹ پہ بیٹھے ہیں تجھے پہچان کر اب بھی
منیر اہل کی بزم آخر شب اللہ کی قیمتی
نہیں ملنے کی میری یہاں تجھے واد جواب بھی

طنز و مزاح

بہنوں کی محفل

## جب تک آپ ورزش نہیں کریں گے آپ کا چہرہ قدرتی حسن سے محروم رہے گا



# Proper home insulation and heat conservation will save you money.

## This is what Ontario suggests to help you cut your home energy costs.

وہ کون سے ایسے طریقے ہیں جن سے آپ اپنے
Heating کے اخراجات میں کمی کر سکتے ہیں؟
بازار میں کتنے قسم کے Insulations ملتے ہیں؟
آپ کسی Insulation Contractor کا
انتخاب کیسے کریں گے؟ R. Value کا کیا مطلب
ہے؟ Vapor Barrier کیا ہوتا ہے؟
یہ کچھ اہم سوالات ہیں جن کا جواب آپ انٹاریو
منسٹری آف کنزیومر اور کمرشیل ریلیشن اور انٹاریو
منسٹری آف انرجی کے مفت شائع ہونے والے کتابچے
حاصل کر سکتے ہیں۔



انٹاریو کے رہنے والوں کو معلومات فراہم کرنے کے
لئے دو وزارتیں تعاون کر رہی ہیں۔ کہ کس طرح
گھر کے مناسب حرارتی انتظام سے بڑھتے ہوئے خرچ
میں کمی آسکتی ہے۔ اس کے علاوہ حرارتی توانائی کو
بچانے کے مختلف طریقے کیا ہو سکتے ہیں۔
منسٹری آف کنزیومر اور کمرشیل ریلیشنز کے دلچسپ
بلیٹن "INSULATION: Heat in your House, Money in your Pocket"
میں INSULATION کے بارے میں حقائق درج
ذیل ہیں:

- R-VALUE اور Vapor barrier کا مطلب کیا ہے؟
- مناسب ہوا کی آمد و رفت
- INSULATION کی اشیاء کی اقسام
- آپ اپنے مکان میں Insulation کس طرح جانچیں
- قابل بھروسہ Contractor کس طرح حاصل کیا جا سکتا ہے
- Customer اور Installer کے مابین معاہدہ کو سمجھنے میں مدد دینے والی معلومات۔
- تمام کام کی جانچ کس طرح کی جا سکتی ہے

بلیٹن کی مفت کاپی کے لئے لکھیے:-

Consumer and Commercial
Relations/Home Insulation,
Queen's Park,
Toronto, Ontario M7A 2H6

اس کے علاوہ دوسرے طریقے کہ کس طرح آپ پیسہ اور توانائی
بچت کر سکتے ہیں۔ منسٹری آف انرجی کے کتابچے
"ENERGY CONSERVATION: THE CHOICE IS YOURS."
میں پیسہ کی بچت کے مشوروں میں شامل ہیں:

- رات اور دن کے درجہ حرارت میں کمی کرنا
- ایسے دروازے اور کھڑکیاں لگانا جو Storm سے بچا سکیں
- ہر مہینے Heating کے air-filter کا بدلنا
- سردی کی راتوں میں کھڑکیوں کے پردے گرائے رکھنا

مفت کتابچے کے لئے اس پتہ پر لکھیے

Ontario Energy Conservation Program
Ministry of Energy
56 Wellesley Street — 12th Floor
Toronto, Ontario M7A 2B7

Larry Grossman,
Minister of
Consumer and
Commercial Relations

James Taylor,
Minister of Energy

William Davis, Premier

Province of Ontario

کریسنٹ انٹرنیشنل

اَلَا اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

# جنرل صاحب کی خدمت میں — (۳)

گیا تھا۔ ابھی منصوبے کے مطابق ... صاحب ... [illegible]

[illegible]

# آپ کے خطوط

محترم ایڈیٹر کریسنٹ

آداب

اخبار باقاعدگی سے مل رہا ہے۔ جس کے لئے شکر گزار ہوں۔ ویسے تو کینیڈا میں اور بھی اخبار ہیں لیکن آپ کے اخبار کا معیار خدا کے فضل سے مجھے اور میرے شوہر کو بے حد پسند آ رہا ہے۔ لیکن اس دفعہ کے اخبار میں بھٹو کا شجرۂ نسب جس طرح لکھا ہے میں یہ نہیں کہتی کہ آپ ایڈیٹر کی آواز دبانا چاہتے ہیں تو ... لیکن یہ شجرۂ نسب لکھ جانا تو عظمت انسانی کے خلاف ہے۔

وہ اچھا تھا یا برا یہ بات صرف اللہ کریم جو انسانوں میں فرق کرتے ہیں۔ ہمارے جیسے کے قدم بھی خدا نخواستہ کوتاہیوں کی طرف اٹھ سکتے ہیں۔ ہمارے پیشوا نے خوانین پر سختی ہی اور اللہ کی رضا کے آگے ہم کچھ نہیں کر سکتے ... ذلت و عزت خدا کے ہاتھ میں ہے۔ ... ابھی حزب سزا دیتا ہے۔ آج بھٹو کو جن حالات کا سامنا ہے اس سے ہمیں عبرت حاصل کرنا چاہئے قرآن شریف میں واضح طور پر لکھا گیا ہے "اہل اسلام ماضی کے واقعات سے عبرت پکڑو" توبہ اور استغفار کے دامن میں پناہ دے پھر تا بھی کسی کو معاف بھی کر لیں۔ بھٹو نے زمانہ میں جو کچھ ہوا۔ بھٹو نے بالکل یہی حالات ایسے کہ پیدا کئے تھے۔

آپ کے انگلش سیکشن کا اداریہ قدرے اچھا تھا۔

فی الوقت اخبارات کو ذاتیات اور شجرۂ نسب میں الجھنے کے بجائے آزادانہ انتخابات اور مارشل لاء کے جلد خاتمہ کا مطالبہ کرنا چاہئے۔ بھٹو کو ضرور سزا دلائی جائے۔ مگر یہ کام عوام کے منتخب نمائندوں سے کرئیں۔ اگر آج یہ ...

چونکہ گذشتہ چار سال بعد مارشل لاء لگا رہا۔ اور یہ چاہے ۱۹۷۷ء میں اس وزیراعظم کو مارشل لاء کے تحت معطل کیا جاتا رہا تو پھر پاکستان میں عدلیہ بھی ختم ہو کر رہ جائے گی۔ میں غیر جانبدار ہوں اور بحیثیت مسلمان یہ بھی چاہتی ہوں کہ مساوات اسلامی کے تحت خواہ وہ وزیراعظم ہی کیوں نہ ہو خاطی کو ضرور سزا ملے۔ مگر خانہ جنگی ... کے ہاتھوں۔ مارشل لاء کے ہاتھوں نہیں۔

امید ہے آپ ایسی تحریریں چھاپنا بند کر دیں گے۔ جو اچھی صحافت کے دائرہ سے گر گئی ہیں۔

والسلام

نسرین چودھری

ڈیمبرا۔ انٹاریو

نوٹ:

(۱) ہم ان تمام قارئین کرام کے مشکور ہیں جنہوں نے اپنے خطوط اور ٹیلیفون کے ذریعہ محترمہ نسرین چودھری کے جذبات کی ترجمانی کی ہے۔

(۲) بھٹو صاحب کی معزولی کے بعد روزنامہ "اعلان" کراچی کی شائع شدہ خبر کیا مسٹر بھٹو واقعی ہندو تھے؟ ہم نے شائع کرنے سے ہمارا مدعا یہ تھا کہ اپنے پڑھنے والوں کو پاکستانی اخبارات کے خطرناک رجحان سے آگاہ کریں۔ چنانچہ اسی شمارہ میں ہمارا انگریزی اداریہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان میں آج کل کس طرح سابق وزیراعظم کے اصل جرائم سے عوام کی توجہ ہٹا کر فضول اور بے معنی باتوں کی طرف مبذول کرائی جا رہی ہے۔ قارئین سے اسی اداریہ کی طرف دوبارہ توجہ کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## آہ! ابراہیم جلیس

یہ خبر بڑے افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ نامور ادیب اور صحافی ابراہیم جلیس ۲۶ اکتوبر کو کراچی میں وفات پا گئے۔ تین دن قبل انہیں ہارٹ اٹیک ہوا تھا۔

بھٹو گورنمنٹ کے ختم ہونے پر ان کا اخبار مساوات بند کر دیا گیا تھا۔

پاکستان میں اخبارات پر پابندی بڑھ جانے کی وجہ سے تمام صحافی احتجاج کرنا چاہتے تھے۔ لیکن مارشل لاء کے نفاذ کی وجہ سے وہ ایسا نہیں کر سکے۔

ابراہیم جلیس کے سوگ میں پاکستان کے اکثر اخبارات ان کی وفات کے دوسرے روز شائع نہیں ہوئے۔

## زیر بصیرت

زندگی بسر کرنے کا فن

مولانا رومی کی ایک حکایت ہے کوئی نحوی کشتی میں سوار ہوا۔ ملاح سے پوچھا "نحو جانتا ہے؟" ملاح نے کہا "نہیں" نحوی صاحب نے فرمایا "تو نے اپنی آدھی زندگی گنوا دی" تھوڑی دیر بعد دریا میں طوفان آ گیا۔ کشتی ڈانوا ڈول ہونے لگی۔ ملاح نے نحوی سے پوچھا "تیرنا آتا ہے؟" نحوی نے کہا "نہیں" ملاح بولا "پھر تو نے اپنی ساری زندگی گنوا دی"۔

مولانا اس سے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ جو لوگ زندگی بسر کرنے کا فن نہیں سیکھتے انہیں علم کتابی فائدہ نہیں دے سکتا۔ اسلام زندگی بسر کرنے کا فن سکھاتا ہے۔ اور اس کا بنیادی نکتہ اللہ تعالیٰ سے شدید محبت اور جناب رسول پاک کی متابعت ہے کیونکہ آنجناب اس فن ...

[illegible]

حدیث نبوی

[illegible]

یہ علامہ اقبال کا سال ہے

دنیا میں آپ محمدؐ سے اجالا کر دے

فرمودۂ اقبال

مجھے آہ و فغان نیم شب کا پھر پیام آیا
تھم اے رہرو کہ شاید پھر کوئی مشکل مقام آیا

ذرا تقدیر کی گہرائیوں میں ڈوب جا تو بھی!
کہ اس جنگاہ سے میں بن کے تیغ بے نیام آیا

(بال جبریل)

# غصہ، برہمی، سرگوشیاں، احتجاج

## جنرل ضیا نے ولی خان کے بارے میں انصاف کرنے کا یقین دلایا ہے۔ بیگم نسیم

### بعض رہنماؤں کے متضاد بیانات پر غور کرنے کیلئے قومی اتحاد کی مرکزی کونسل کا اجلاس طلب کیا گیا

## قومی اتحاد کے رہنماؤں پر بیرون ملک جانے کی پابندیاں ختم کر دی گئیں

## ایک سیاسی جماعت نے ۸ اکتوبر کو ملک بھر میں وسیع پیمانے پر تخریبی کارروائیوں کا منصوبہ بنایا تھا

### تخریبی سرگرمیوں کے واضح شواہد حاصل کر لیے گئے ہیں

### تخریب کاروں کی خفیہ اشاراتی زبان کا بھی سراغ لگا لیا گیا

## جنرل صاحب


# SID TRAVEL AGENCY

WORLD-WIDE TRAVEL



پاکستان جانا ہو یا دنیا کے
کسی بھی حصے میں۔
پی۔ آئی۔ اے اور دوسری
ایئر لائینوں کے سستے ترین ٹکٹ
ہم سے خریدیئے۔

**592 Yonge Street**
**Tel: [416] 967-6642**
**[416] 967-6699**

Branch Office: 577 PELISSIER STREET
WINDSOR, ONTARIO, N9A 4L2
Telephone: (519)258-2813 After Hours 966-2489

LONDON, ONT.: (519)672-5225/5227

DETROIT: (313)961-3373

# ایف ایس ایف کو رینجرز، فرنٹیئر کانسٹیبلری بلوچ لیوی اور پی آئی اے سیکورٹی گارڈز میں ضم کرنے کا کام شروع ہوگیا

## مختلف مقامات پر متعین ایف ایس ایف کے دستے ہیڈ کوارٹر منتقل ہونا شروع ہوگئے

لیاقت آباد ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) با وثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ایف ایس ایف کو باقاعدہ طور پر رینجرز، فرنٹیئر کانسٹیبلری، بلوچ لیوی اور پی آئی اے سیکورٹی گارڈ میں ضم کرنے کا کام شروع ہو گیا ہے۔ [illegible]

## جنرل ضیاء الحق سے پیپلز پارٹی کے لیڈروں کی ملاقات کا امکان ختم ہوگیا

### پارٹی نے مذاکرات کے لیے بھٹو کی رہائی کی شرط پیش کی تھی

#### جنرل ضیاء الحق نے پیپلز پارٹی کے خط کا جواب بھیج دیا

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]

### طلباء کے وفد کی ولی خاں سے ملاقات

پشاور ۔۔۔۔ [illegible]

### برطانیہ میں پاکستان قومی اتحاد کی شاخ کا قیام

[illegible]

یحییٰ خاں بھٹو کے خلاف غداری کے الزام میں مقدمہ دائر کریں گے

کراچی ۔۔۔۔ سابق صدر یحییٰ خان نے گذشتہ دنوں راولپنڈی کے ملٹری ہسپتال میں عبدالولی خان سے ملاقات کی۔ معلوم ہوا ہے کہ یحییٰ خان سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف غداری کے الزام میں مقدمہ دائر کرنے والے ہیں۔ [illegible]

## بھٹو نے غلام مصطفےٰ کھر کو قتل کرانے کی تین بار کوشش کی

### ایک بار قتل کے الزام میں مجھے پھانسی کا منصوبہ بنایا گیا تھا : غلام مصطفےٰ کھر

ملتان ۔۔۔۔ [illegible]

## میر احمد یار خاں کو قلات میں سپرد خاک کر دیا گیا

### نماز جنازہ میں ہزاروں سوگواروں نے شرکت کی

[illegible]

### قابل اعتراض تقریر کرنے پر فوجی عدالت کی طرف سے میاں منظور مرل کو ایک سال قید کی سزا

[illegible]

## تخریب کاری اور دہشت گردی کی سنگین سازش کا انکشاف — سخت حفاظتی تدابیر اختیار کریں گے

### طیاروں کے اغوا، پلوں کو اڑانے اور دھماکے کرنے کا پروگرام تھا

### نوجوانوں کو تخریب کاری کے لیے گوریلا تربیت دی گئی ہے

کراچی ۔۔۔۔ [illegible]

### جنرل نیازی کو لاہور منتقل کر دیا گیا

لاہور ۔۔۔۔ [illegible]

### شہریار محمد خاں کو اردن میں سفیر مقرر کر دیا گیا

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]

### کارڈز پاکستان نہیں آئیں گے

[illegible]

### میجر جنرل ریٹائرڈ فضل مقیم کو سعودی عرب میں پاکستان کا سفیر مقرر کر دیا گیا

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]

### بچھ اور نسیم احمد مستعفی نہیں ہوئے

[illegible]

## پاکستان میں ۲،۲۰ کروڑ ڈالر کے خرچ سے ٹرک سازی کا پلانٹ لگایا جائے گا

### مشینری اور فنی امداد فرانس مہیا کرے گا : سمجھوتے پر دستخط ہو گئے

راولپنڈی ۔۔۔۔ [illegible]

THE NAME YOU HAVE LEARNED TO TRUST FOR

حلال گوشت

فریضہ قربانی ادا کرنے کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجیے

SPICE TOWN

&

HALAL MEAT

2210 DUNDAS STREET WEST
(Near Jami Mosque)

PHONE:(416)532-8267
(Free Delivery)

**Opening October 15th**

# Everyman's Heritage.

**The Canadian Odyssey**

نیشنل میوزیم آف مین
آٹوا
کی ایک نئی، مستقل
نمائش

انسان کے قومی عجائب گھر نے
EVERYMAN'S HERITAGE—
THE CANADIAN ODYSSEY
کے ذریعہ ایک غیر معمولی اور چونکا دینے والے
طریقہ کار کا مظاہرہ کیا ہے جس میں بتایا
گیا ہے کہ ہم کس طرح اپنے بیش بہا کینیڈین
موروثی تہذیب و تمدن کو محفوظ کر سکتے ہیں۔

یہ اپنی نوعیت کی واحد نمائش، افسانوی اصطلاح
میں EVERYMAN کی کہانی کا ایسا نقش
کھینچتی ہے جو دوسرے کئی کینیڈین لوگوں سے مختلف
ہے۔ اس کی زندگی، اس کا پس منظر
اور تجربات، اس کے سیاق و سباق کا یوں نقش
کھینچتے ہیں کہ وہ ایک نئی سرزمین میں پھر نئی زندگی
کا سلسلہ آغاز کرتا ہے۔

EVERYMAN کی مدد سے تمام کینیڈین
اپنے وسیع اور بیش قیمت تہذیب و تمدن
سے جو ہماری وراثت ہے بہتر طریقہ پر واقف
ہو سکیں گے۔

اس نمائش کا موضوع ان اہم انسانی
تجربات کا شمار اور نشان دہی کرتا ہے جو
ہمارے متنوع اور رنگا رنگ تہذیبی ورثے کی
قدر بڑھاتے ہیں۔

"EVERYMAN" کی کہانی ہماری زندگی کے
ہر ایک پہلو کو کھولتی جاتی ہے — اور ہم جیسا
ابھی تک مختلف ہیں۔

آئیے ہمارے تہذیبی تنوع کا لطف اٹھائیے
جو کہ
"EVERYMAN'S" HERITAGE
— THE CANADIAN ODYSSEY"
ہے۔

**The National Museum of Man**
**The National Museums of Canada**

Hon. Norman Cafik, Minister of State, Multiculturalism | L'hon. Norman Cafik, Ministre d'État, Multiculturalisme

# Multiculturalism
**unity in diversity**

## ہائی کورٹ نے افتخار تاری کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے دیا

### سپیشل جج نے افتخار تاری کو ایک ایک سال قید اور ستر ہزار روپے جرمانے کی سزا دی تھی




ایلس انٹرنیشنل — ہمارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

پاکستان پرسنل ایکسپورٹ سکیم کے تحت

ایئر کنڈیشنر - سلائی مشین - رنگین ٹی وی - فریج - کرن مشین

YASHICA

AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St., W., Suite No.5A
Toronto, Ont. CANADA, M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 791-8496

PRESENTING
The most authentic book after Holy Qur'an
SAHIH AL-BUKHARI
(Arabic - English)
By:
Dr. Muhammad Muhsin Khan
3rd Ed., Vol. 1, $10.00 P.P.D.
KAZI PUBLICATIONS
1647 N. Wells Street, Chicago, Ill. 60614, USA
Phone: 312/944-8686

بسم اللہ الرحمن الرحیم

We are famous for
HALAL MEAT
at
Reasonable Prices!

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

free regular deliveries in Toronto

ASIAN GROCERS
2774 Dundas St. W. Toronto
(just East of Keele)
Your Halal Hot-Line - 762-1633


## اکتوبر میں انتخابات ہو جاتے تو چھ ماہ بعد پھر مارشل لا لگانا پڑتا: نسیم ولی خان

### انتخابات کے بغیر ملک کو سیاسی استحکام حاصل نہیں ہو سکتا

مارشل لا نے بھٹو کے دور کی غنڈہ گردی کو ختم کر دیا ہے

### شیخ رفیق اور لیسین وٹو وغیرہ کے خلاف مارشل لا کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے

### پیپلز پارٹی کسی قسم کا ایجی ٹیشن شروع کرنے کے حق میں نہیں

(عبدالستار گبول)

### جنرل ریٹائرڈ نیازی نئی پارٹی بنائیں گے

### اکبر بگٹی تحریک استقلال میں شامل ہو جائیں گے

## پیپلز فاؤنڈیشن ٹرسٹ اور بھٹو ٹرسٹ کے بورڈ آف ٹرسٹیز معطل کر دیے گئے

### دونوں اداروں کے چیئرمین اور ڈائریکٹروں کے عہدے ختم

تمام اختیارات چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر یا ان کے نمائندے کو حاصل ہوں گے

### یروشلم میں زبردست دھماکوں سے متعدد اسرائیلی زخمی

## پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کے خفیہ فنڈ سے پیپلز پارٹی کے بعض لیڈروں کو ۲۲ لاکھ روپے ادا کیے گئے

(آخری قسط)

# بھٹو کا عہدِ اقتدار! کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟

ترتیب: خالد مجتبائی

(گزشتہ دو شماروں میں بھٹو کے عہدِ اقتدار کے چند تجزیے معروف لیڈروں اور صحافیوں کے خیالات پیش کیے گئے تھے۔ یہ اسی سلسلے کی آخری قسط ہے۔ ادارہ)

## محمد حنیف رامے

(گزشتہ سے پیوستہ)

نے انہیں معاف کر دیا ہے انہیں یاد ہونا چاہیے تھا کہ انہوں نے پاکستانی عوام کو اسی سلوک کا مستحق سمجھا جو جنرل ڈائر نے جلیانوالہ باغ میں جمع ہونے والے انسانوں کے ساتھ کیا تھا۔ یوں لگتا ہے کہ وہ یہ بھول گئے ہیں کہ جنرل ڈائر کے ساتھ جلیانوالہ باغ میں گولی کا نشانہ بننے والے ایک نوجوان کے بھائی نے لندن میں کیا کیا تھا۔ کیا مسٹر بھٹو یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستانی ماؤں کے وہ ہزاروں بچے جنہیں ان کے حکم سے شہید کر دیا گیا ہے، ان کے خون کا حساب لینے والا کوئی باقی نہیں بچا؟ اگر مسٹر بھٹو کو یہ زعم ہے کہ پاکستان کے غریب عوام ان کا ساتھ اس لیے دیں گے کہ انہوں نے پاکستان بھر کے لٹیرے نوابوں کو اپنی گود میں بٹھانے کے باوجود یہ نعرہ لگایا ہے کہ وہ وڈیروں اور جاگیرداروں کی چمڑی ادھیڑ دیں گے تو یہ ان کی

یہ مسٹر بھٹو ہی تھے جنہوں نے کبھی تو یہ دعویٰ کیا کہ قومی اسمبلی ملک کا سب سے معزز ادارہ ہے اور اسے توڑا نہیں جا سکتا لیکن یہی مسٹر بھٹو تھے جن کے دور میں قومی اسمبلی کے اراکین کو بھی حضوری کے آداب سکھانے کے لیے پرمٹوں اور لائسنسوں کا عادی بنایا گیا اور جس کسی کو اس تعلیم و تربیت سے انکار ہوا اسے بحسب ضرورت ایف ایس ایف کے جوانوں سے اٹھوا کر اسمبلی سے باہر پھینک دیا گیا۔

یہ مسٹر بھٹو ہی تھے جنہوں نے سرکاری افسروں کو اپنا ذاتی ملازم بنانے کے لیے ان سے آئینی تحفظات چھین لیے۔

یہ مسٹر بھٹو ہی تھے جن کے دور میں لاہور میں حلقہ نمبر ۶ کے اندر جلیانوالہ باغ کا نقشہ پیدا ہوا اور بیسیوں بے گناہوں کو گولی کا نشانہ بنا دیا گیا اور پھر یہی خونی ڈرامہ کراچی، حیدرآباد، ملتان اور پاکستان کے تمام شہروں اور قصبوں میں دہرایا گیا۔

آج یہی مسٹر بھٹو ہیں جو یہ کہہ رہے ہیں کہ عوام بھول کر یہاں کی بھول ہے۔ یہی دعوے سے کہتا ہوں کہ حالیہ عوامی تحریک میں شہید ہونے والے ایک ہزار نوجوانوں میں سے ایک بھی کسی جاگیردار یا سرمایہ دار کا بیٹا نہیں تھا بلکہ یہ سب سفید پوشوں اور غریبوں کے چشم و چراغ تھے اگر پاکستان کے امیر بھی مسٹر بھٹو کو معاف بھی کر دیں تو پاکستان کے غریب انہیں کبھی معاف نہیں کریں گے۔

## پرویز قیصر الحق قریشی

بھٹو صاحب کے دور میں مزدور، کسان اور کاشتکار کی اصطلاحات محض عوام کو فریب دینے کے لیے استعمال کی گئیں۔ ان کے دورِ اقتدار میں زیادہ تر جاگیرداروں، وڈیروں اور اہلِ ثروت طبقہ کا تحفظ کیا گیا۔ اور اپنے سیاسی اور معاشی اقدام سے افراطِ زر اور مہنگائی پیدا کر کے عوام کی کمر توڑ دی گئی۔ معاشرہ کے اس مخصوص طبقہ نے جو بھٹو کے ارد گرد جمع ہو گیا تھا۔ قومی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا۔ اسی طرح نام نہاد عوامی حکومت نے اپنے اور اپنے ساتھیوں کے عیش و عشرت کے لیے قومی دولت کا بے دریغ ضیاع کر کے خزانے کو خالی کیا اور قومی قرضوں کا بوجھ بڑھایا۔ اس حکومت کے پوشیدہ رازوں کا آہستہ آہستہ انکشاف ہو رہا ہے اور یہ جان کر رنج اور صدمہ ہوتا ہے کہ جو حکمران دن رات عوام، مزدور، محنت کش اور کاشتکار کے الفاظ استعمال کرتے نہیں تھکتے تھے وہ در اصل غریب عوام، مزدور اور محنت کش طبقہ کے کس قدر مخالف اور دشمن تھے۔ یہ حکمران لاہور کے گورنر ہاؤس کے اندر چوبیس لاکھ روپے کی لاگت سے ایک خواب گاہ اور عشرت کدہ تعمیر کر سکتے تھے لیکن ان کو کبھی توفیق نہ ہوئی کہ غریبوں کے لیے ایک ہسپتال بنا دیں۔ کسی ہسپتال کو کمبل اور چادریں خرید دیں۔ عوام کے لیے ہسپتال میں مفت دوائیں فراہم کرنے کا انتظام کر دیں۔

بھٹو کے وزیروں نے کراچی، اسلام آباد اور لاہور میں اپنی اور اپنے اہلِ خاندان کے لیے محلات اور خوبصورت بنگلے تو بنوا لیے لیکن مزدوروں اور کاشتکاروں کے لیے ایک ہال بھی تعمیر کر دیا۔ جہاں جمع ہو کر وہ غریبوں اور مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے مشورہ کر سکیں۔ بھٹو کے وزیروں کے قبضے سے عالی شان اور سونے کی تقاریر اور زرِ خالص کے ڈھیر برآمد ہو رہے ہیں۔ کاش! ان کی پوشیدہ دولت اور زادِ راہ کے ذخیرہ سے کوئی ایسا منصوبہ یا ثبوت دستیاب ہوتا، جس سے کوئی ایسا سراغ ملتا جس کا تعلق عوام اور مزدور کی فلاح سے ہوتا جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا ہے بھٹو کی سیاست کا دار و مدار جھوٹ پر تھا۔ اس جھوٹ کو روا رکھنے کے لیے اس نے پورے پانچ سال تشدد کا سہارا لیا۔ سیاسی قتل، اغوا، نظربندی، قید و بند، اخبارات پر پابندی، بنیادی حقوق کا سلب، عدلیہ کے تقدس کی پامالی یہ سب ہتھیار بھٹو کی حکومت نے اس سیاسی منشور کے فروغ کے لیے استعمال کیے جس کا واحد مقصد ایک شخص کی حکومت قائم کرنا تھا، جو ہوسِ اقتدار کے اس جنون میں مبتلا تھا جو قوموں پر ایک عذاب بن کر نازل ہوتا ہے۔ جب مورخ پیپلز پارٹی کے دورِ اقتدار کی تاریخ مرتب کرے گا تو عذاب اور بھٹو کے الفاظ ہم معنی استعمال ہوں گے۔

## الطاف حسن قریشی

بھٹو صاحب کے دور میں شاہ خرچیوں کا ایک عالمی ریکارڈ قائم ہوا۔ ایک ایسا ریکارڈ جسے شاید ہی کوئی توڑ سکے۔ مسٹر بھٹو یورپ اور امریکہ کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے کے باوجود ذہنی طور پر ایک سندھی وڈیرے ہی رہے۔ انہوں نے پاکستان کو اپنی جاگیر بنا لیا تھا جو چاہتے تھے جس کو چاہتے نواز دیتے۔ قومی خزانہ ان کی ذاتی ملکیت بن چکا تھا۔ کوئی ضابطہ نہ کوئی قانون۔ اقتدار سے ہم آغوش ہونے والی پہلی رات کو یہ مژدہ سنایا گروہ پانچ سالہ اور دس سالہ منصوبوں پر یقین نہیں رکھتے۔ اسلام آباد کی سرسبز و شاداب فضا میں منصوبہ بندی کمیشن کی ایک رفیع الشان عمارت ایستادہ ہے۔ ایک زمانے میں وہاں چوٹی کے اقتصادی ماہرین کا اجتماع رہتا تھا اور طویل المیعاد منصوبے تیار کیے جاتے۔ حضرت بھٹو اپنے آپ کو مافوق الفطرت قائد تصور کرتے تھے، چنانچہ ان کے لیے اقتصادی ماہرین کی پابندیاں ناقابلِ برداشت تھیں۔ حالات کے دباؤ نے انہیں کئی بار منصوبہ بندی پر مجبور کیا اور خاص خاص صنعتوں کے لیے ورکنگ گروپس مقرر ہوئے انہوں نے لاکھوں روپے صرف کر کے ایک رپورٹ مرتب کی اور جب وہ وزیرِ اعظم کو پیش کی گئی تو انہوں نے کڑے احکام جاری کیے کہ اس کو ہوا تک نہ لگنے پائے۔ ساری محنت اور سارا پیسہ اکارت گیا۔ ایک ڈیڑھ برس بعد بھٹو صاحب کے ذہن میں ایک لہر اٹھی اور از سرِ نو منصوبہ بندی کا کام شروع ہوا۔ اس بار بھی وہ کسی بات پر ناراض ہو گئے اور جتنی قیمت رپورٹ مرتب کی گئی اسے ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا۔

منصوبہ بندی سے یہ بیزاری اس بے لگام بیک کے گروہ با جبر باندھ دیتی ہے اور سرمایے کے اخراج کا ایک راستہ متعین کرتی ہے۔ وڈیرے راستوں کے کب پابند ہوتے ہیں؟ جناب بھٹو نے ترنگ میں آ کر کہیں کارخانہ لگوا دیا اور کہیں میڈیکل کالج کھلوا دیا۔ اس بات کا جائزہ لیے بغیر کہ علاقے کی حقیقی ضرورتیں کیا ہیں۔ سیاسی مصلحتوں پر زرِ مبادلہ سے کروڑوں روپے کے قرضے جاری ہوئے جن کی واپسی تقریباً ناممکن ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ نواب صادق حسین قریشی کو خوش کرنے کے لیے گھی کے کارخانے منظور ہوئے اور مسٹر بھٹو نے اپنی انتخابی نشست کو مضبوط بنانے کے لیے چڑیوں کے ذریعے تین کروڑ کی امداد تقسیم کی حالانکہ اس بار لاڑکانہ میں سیلاب کا پانی داخل ہی نہ ہوا تھا۔

مشہور عالم اخبار نویس مسٹر سلز برگر کے مطابق پاکستان کے سابق وزیرِ اعظم بھٹو کا شمار دنیا کے متمول ترین آدمیوں میں ہوتا ہے۔ وہ بہت بڑے جاگیردار خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ آبائی جاگیر، زمینیں اور پراپرٹی کے علاوہ لاڑکانہ اور کراچی میں ان کی اس قدر کمرشیل پراپرٹی ہے کہ دنیا میں بہت کم لوگوں کے پاس اتنی پراپرٹی ہوگی۔

منصوبہ بندی کے بعد دوسرا کاری وار آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس پر پڑا جو تمام سرکاری محکموں کا حساب کتاب رکھتا ہے اور اس بات کا جائزہ لیتا رہتا ہے کہ اخراجات قانون اور ضابطے کے مطابق ہیں یا نہیں۔ اس رقیب رُو سیاہ کو راستے سے ہٹانے کے لیے عجب عجب تدبیریں ہوئیں۔ ۷۷-۱۹۷۶ء کے بجٹ میں ۳۰ کروڑ کی رقم سرے سے غائب تھی۔ یہ رقم بجٹ سے باہر خفیہ مقاصد کے لیے رکھی گئی تھی۔ اپنی نوعیت کا یہ پہلا سنگین ترین جرم تھا۔ یہ کثیر رقم ضمیر جیسی خرید و فروخت، مد مقابل کی توڑ پھوڑ اور انسانی حقوق کی پامالی کے لیے استعمال ہوئی۔ اس کے علاوہ پنجاب کے سپیشل اکاؤنٹس سے فقط دو برس میں پچاس کروڑ وزیرِ اعظم کی خفیہ چٹوں سے تقسیم ہوئے۔ ہم مسٹر بھٹو کے عہد کو بجا طور پر چٹ بازوں کا عہد کہہ سکتے ہیں۔ ۱۹۷۳ء میں سیلاب آیا، ریلیف فنڈ قائم ہوا۔ مسٹر کھر دستور بن جانے کے بعد وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے مسلط کیے گئے تھے اور انہیں گورنر ریلیف فنڈ کو تقسیم کرنے کا اختیار نہ رہا تھا۔ مگر انہوں نے اپنا مقصد حاصل کرنے کے لیے قانون اور کمیٹی کی تشکیل میں رد و بدل کیا اور وہ چٹ اینڈ کر دیتے کہ فلاں صاحب کو پانچ ہزار روپے دے دیے جائیں۔ چٹوں کا ہجوم بڑھتا گیا اور ایک ہنگامہ اٹھ کھڑا ہوا اور فنڈ کے سارے پیسے پیپلز پارٹی کے حلقۂ یاراں میں بٹ گئے۔

زلزلے اور سیلاب کے سلسلے میں جس قدر بیرونی امداد آئی، وہ چٹوں ہی کے ذریعے اپنوں میں تقسیم ہوئی۔ کوئی حساب و کتاب نہ تھا۔

سیکرٹ فنڈ کا دائرہ جناب بھٹو کے عہدِ اقتدار میں بہت وسیع ہو گیا تھا۔ بجٹ کا تو فقط ایک نام تھا اور اس میں جب حکومت چاہتی تبدیلی کر لیتی۔ قومی اسمبلی کی منظوری کے بغیر ہی نئے نئے ٹیکس نافذ ہو جاتے اور پھر بھی شاہ خرچیاں پوری نہ ہوتیں۔ تو دوسرے طریقے سے شہریوں کو نچوڑ لینے کے بہانے تلاش کیے جاتے۔ اس کے علاوہ ریل کی پٹڑیاں اکھاڑ کر بیچ دی جاتیں، ریل کے انجن اور بحری جہاز ہضم کر لیے جاتے۔ آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس کو بے اثر بنانے کے لیے حکومت نے بڑی تعداد میں کارپوریشن قائم کیے۔ ان کے حسابات اس محکمے کے دائرۂ اختیار سے باہر تھے۔ مسٹر بھٹو نے جس کو سیاسی رشوت دینا چاہی اسے بھاری تنخواہ پر کارپوریشن میں ایک اچھی سی ملازمت دے دی۔ قوم کی دولت بے دردی سے لٹتی چلی گئی۔

اخراجات پر موثر کنٹرول نہ ہونے کے نتائج اچھے بھلے جانتے ہیں۔ دافع قرآن یہی کہتے ہیں کہ بستی گنگا میں مسٹر بھٹو نے بھی اشنان کیا اور ان کے چیلے چانٹوں نے بھی۔ پلاٹ، پرمٹ، لائسنس نے تو دو لیٹروں کا ایک طبقہ پیدا کیا جسے نہ وطن سے محبت تھی اور نہ رشتے داروں کا پاس۔ ہر بڑے اور چھوٹے معاملے میں پیپلز پارٹی کے جن صاحبوں کا ایک حصہ مخصوص ہوتا۔ مسٹر بھٹو نے قومی خزانے کی حفاظت سے کچھ انتظامات ختم کر دیے اور یوں چور دروازے کھلتے چلے گئے۔ اس پس منظر میں یہ بات کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتی کہ انہوں نے کتنا زرِ مبادلہ کس کس ملک کے بنکوں میں خفیہ طور پر جمع کر رکھا ہے۔ روزنامہ جنگ اور زرداری کا ذکر کرتے ہیں اور بالکل آخری دنوں میں جناب بھٹو نے پیک کا سیری کی حیثیت سے سوئٹزرلینڈ میں جو زرِ مبادلہ جمع کیا، ان گنت سوالات اٹھاتا ہے۔

مسٹر بھٹو کا عہدِ اقتدار ایک لٹیرے اور ایک وڈیرے کا عہدِ اقتدار نظر آتا ہے۔ ●●

## شاعر کہتا ہے...!

مولانا کوثر نیازی نے صرف سیاست ہی نہیں شاعری بھی کی ہے اور بہت خوب کی ہے۔ ان کی ایک غزل ہے جس کے تمام اشعار ان کے سیاسی حالات کی تصویر ہیں۔ یقیناً ایک خوبصورت غزل ہے۔ ہم اس غزل کے حسن کے قائل ہیں اور ہمیں اپنی بات کہنے کے لیے اس غزل کے اشعار سے بہتر کچھ نظر نہیں آیا۔ ہم اس غزل کے چند اشعار پیش کرتے ہیں۔

ہم نے ناحق ہی لکھی ظلم کی تفصیل میاں
خوں ناحق میں ہوئی کرتی شمشیر دکھا

[illegible]

اختیارات ترے پاس حکومت تیری
اپنے وعدوں کو بتا خواب کی تعبیر دکھا

[illegible]

ہم نے اک عمر بتا دی جس طرح جان گئی
جو نہ دیکھے کوئی ایسی وہ تیرہ تیر دکھا

[illegible]

بے سرو پا حکایات کا طوفان نہ اٹھا
حق تسلیم کرنے کے بجائے لقب تقصیر دکھا

[illegible]

ہم نے تسلیم کیا تجھ سے ہنر کو
ہنر اپنا کوئی اے صاحب تدبیر دکھا

[illegible]

## حکایاتِ شہر

(دیر زادے کے قلم سے)

[illegible]

### ہمیں جنرل ضیاء الحق کی نیت پر کوئی شبہ نہیں ہے

اصغر خان

[illegible]




انارکلی بازار انٹرنیشنل

سپیشل امپورٹ سکیم کے تحت آپ ہم سے ریفریجریٹر، ٹیلیویژن اور الیکٹرک کا دوسرا سامان نہایت کم قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

پاکستان گورنمنٹ سکیم کے تحت مشہور و معروف اور معتبر ٹریکٹر نہایت مناسب نرخ پر ہم سے طلب فرمائیے۔

ANARKALI BAZAAR INTERNATIONAL
615 OSSINGTON AVE (Just South of Bloor)
TORONTO, ONTARIO, CANADA, M6G 3T6
Phone: (416) 533-2113 or 536-4889

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ

# کریسنٹ

انٹرنیشنل

ٹورانٹو ۔ کینیڈا

جلد ۲ | یکم نومبر ۱۹۷۷ء | ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۹۷ھ | شمارہ ۱۹





# تحریکِ استقلال نے قومی اتحاد سے علیحدگی کا اصولاً فیصلہ کر لیا ہے

## اتحاد کی مرکزی کونسل کے آئندہ اجلاس کے دوران باضابطہ اعلان کر دیا جائے گا

### اصغر خان کا پالیسی امور پر شروع ہی سے اختلافات رہے ہیں

## بھٹو کو راولپنڈی پہنچا دیا گیا

### آج سپریم کورٹ میں پیش کیا جائے گا

### بیگم بھٹو نے بھی اسی طیارے میں سفر کیا

## الطاف حسن قریشی کو مارشل لاء کے ضابطہ نمبر ۱۶ کے تحت گرفتار کر لیا گیا

# راجہ منور احمد کو چھ سال قید اور بیس ہزار روپیہ جرمانہ

## کالعدم نیشنل عوامی پارٹی سے بہت جلد پابندی اٹھالی جائے گی: پیر پگارہ

### اسلام پسند جماعتوں کے رہنما مسلم لیگ میں شمولیت کے لیے بات چیت کر رہے ہیں

### اصغر خان کے بیانات سے قومی اتحاد پر کوئی اثر نہیں پڑے گا


پاکستان کے استحکام
اور ترقی کے لیے خانہ کعبہ
میں دعائیں مانگی جائیں

سرکاری ملازمین ... جنرل ضیاء الحق کا خطاب


## ۱۹۷۰ء سے ۱۹۷۷ء تک ہر سال کے علیحدہ علیحدہ گوشوارے جمع کرائے جائیں

### بیرونی ممالک کے دوروں کی تفصیلات بھی درج ہونی چاہئیں

## ... پاکستانیوں کے ... زکوٰۃ ... سے الگ کر دیا گیا


Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

☐ 1 Year ............ $ 8.00
☐ 2 Years ............ $14.00
☐ 6 Months ............ $ 5.00

Please make cheques payable to "Crescent"

پندرہ روزہ

**Crescent**

کریسنٹ انٹرنیشنل

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ..............................
Address ..............................
..............................
Postal Code ..............................
Telephone No. ..............................